وَمَا أُمِرُوا إِلَّا لِيَعْبُدُوا اللَّهَ مُخْلِصِينَ لَهُ الدِّينَ

اور انکو حکم یہی ہوا کہ عبادت کریں اللہ کی، نری (خالص) کرکر اسکے واسطے بندگی۔

البيّنة

بِسْمِ اللّهِ الرَّحْمَنِ الرَّحِيم

---

1. نہ تھے وہ لوگ، جو منکر ہیں کتاب والے اور شریک والے (مشرک) باز آتے، جب تک کہ پہنچے انکو کھلی بات۔

2. (یعنی) ایک رسول اللہ کا پڑھتا ورق (صحیفے) پاک۔

3. اس میں لکھی کتابیں (تحریریں) مضبوط (درست)۔

4. اور پھوٹے (بٹے فرقوں میں) جو ہیں، جن کو ملی ہے کتاب، سو جب آ چکی ان کو کھلی بات،

5. اور انکو حکم یہی ہوا کہ عبادت کریں اللہ کی، نری (خالص) کرکر اسکے واسطے بندگی۔
ابراہیم کی راہ پر، اور کھڑی کریں نماز، اور دیں زکوۃ، اور یہ ہے راہ مضبوط لوگوں کی۔

6. وہ جو منکر ہوئے کتاب والے اور شریک والے (مشرک)، دوزخ کی آگ میں، سدا رہیں اس میں۔
وہ لوگ ہیں بدتر سب خلق (مخلوق) کے۔

7. وہ لوگ جو یقین لائے اور کیے بھلے کام، وہ لوگ بہتر ہیں سب خلق (مخلوق) کے۔

8. بدلہ انکا انکے رب کے ہاں، باغ ہیں بسنے (سدا رہنے) کے، نیچے بہتی انکے نہریں، سدا رہیں ان میں ہمیشہ۔
اللہ ان سے راضی اور وہ اس سے راضی۔
یہ ملتا ہے اس کو جو ڈرا اپنے رب سے۔

****

© Copy Rights:
Zahid Javed Rana, Abid Javed Rana
Lahore, Pakistan
www.quran4u.com